# گائیڈ

## سنگل ممبر/یک رکنی کمپنی کے بارے میں

سکیوریٹز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

فہرست


.1تعارف

.2یک رکنی کمپنی کاتصور

.3یک رکنی کمپنی کو قائم کرنے سے متعلق قانون کی دفعات اور قواعد

.4یک رکنی کمپنی کے فوائد

.5یک رکنی کمپنی کی تشکیل

.6یک رکنی کمپنی کی نجی کمپنی کے طور پر حیثیت میں تبدیلی

.7نجی کمپنی کی یک رکنی کمپنی کے طور پر حیثیت میں تبدیلی

.8ڈائریکٹر زاوراراکین کے اجلاس (ملاقات)

.9 کمپنی سیکرٹری

.10ایک رکن اور یک رکنی کمپنی کے درمیان معاہدہ

.11یک رکنی کمپنی کانام اوراسے لکھنے کاطریقہ

## تعارف

یہ رہنمائی کا کتابچہ ایک رکنی کمپنی قائم کرنے کے لئے متعلقہ قوانین اور طریقہ کار کی وضاحت کرنے کے لئے تشکیل دیا گیا ہے۔اس میں کمپنیز آرڈیننس دستور ۱۹۸۴ کی متعلقہ دفعات سنگل ممبر کمپنیز قواعد ۲۰۰۳ کی روشنی میں یک رکنی کمپنی کا تصور اس کی تشکیل کے لئے ضروری طریقہ کار اور دستاویزات شامل ہیں۔

اس میں مندرجہ ذیل معلومات شامل ہیں۔

- یک رکنی کمپنی کا تصور
- یک رکنی کمپنی کی تشکیل سے متعلقہ آرڈیننس کی دفعات
- یک رکنی کمپنی بنانے کے فوائد
- یک رکنی کمپنی کی تشکیل/انکارپوریشن
- یک رکنی کمپنی کی نجی کمپنی کے طور پر حثییت میں تبدیلی
- نجی کمپنی کی ایک رکنی کمپنی کے طور پر حثییت میں تبدیلی
- ڈائریکٹرز اور اراکین کے اجلاس (ملاقات)
- کمپنی سیکرٹری
- ایک رکن اور یک رکنی کمپنی کے درمیان معاہدہ
- یک رکنی کمپنی کا نام اور اسے لکھنے کا طریقہ

## یک رکنی کمپنی کا تصور:

یک رکنی کمپنی نجی کمپنی کی ایک قسم ہے جو کہ ایک رکن کے ساتھ تشکیل پاتی ہے یا اُس کے اراکین کی تعداد کم ہو کر ایک ہو جاتی ہے (اس کی ذمہ داری

حصص تک محدود ہوتی ہے)
یہ عوام کو حصص میں رکنیت حاصل کرنے کی دعوت نہیں دے گی۔

یک رکنی کمپنی دو یا دو سے زیادہ افراد کے نام پر مشترکہ طور پر یا انفرادی طور پر ایک یا ایک سے زیادہ شیئرز رجسٹر نہیں کرے گی۔
کمپنی کے اراکین کی تعداد ایک تک محدود رہے گی۔

## یک رکنی کمپنی قائم کرنے سے متعلق قانون کی دفعات اور قواعد

یک رکنی کمپنی قائم کرنے سے متعلق قانون کی دفعات اور قواعد سنگل ممبر کمپنیز رولز ۲۰۰۳ یک رکنی کمپنی سے متعلق معاملات کو نمٹاتا ہے۔
آرڈیننس اور دیگر تمام قانون، قواعد وضوابط کی دفعات کا اطلاق یک رکنی کمپنی پر بھی اُسی طرح ہوتا ہے جس طرح دو یا دو سے زیادہ اراکین والی نجی کمپنی پر اس کا اطلاق ہوتا ہے تاوقتیکہ دوسری صورت میں حکم جاری کیا گیا ہو۔

## یک رکنی کمپنی کے فوائد:

یک رکنی کمپنی کے کچھ فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

- یک رکنی کمپنی اپنے رکن سے علیحدہ/الگ ایک قانونی وجود رکھتی ہے۔
- رکن کی ذمہ داری اس کی سرمایہ کاری تک محدود ہے۔
- کمپنی کا وجود اپنے رکن کی موت پر ختم نہیں ہوتا۔
- یک رکنی کمپنی پر کم کارپوریشن ٹیکس لاگو ہوتے ہیں۔
- یک رکنی کمپنی کے رکن کو کاروبار چلانے میں مکمل بالادستی ہوتی ہے۔
- اکیلا رکن تمام کاروباری فیصلے خود مختاری کے ساتھ کر سکتا ہے اور کل منافع حاصل کرتا ہے۔
- سنگل رکن کو ڈائریکٹر کے بورڈ یا دیگر شیئر ہولڈرز (حصص یافتگان) کو نپٹانا نہیں ہوتا جیسا کہ ایک کمپنی میں ضروری ہے۔
- یک رکنی کمپنی ایک کارپوریشن کے مقابلے میں کم رسمی ہے دیگر الفاظ میں اس پر کم پابندیاں ہیں۔
- یک رکنی کمپنی کی ملکیت بہت زیادہ کاغذی کاروائی اور قانونی فارمیلیٹی کے بغیر آسانی سے کسی دوسرے شخص کو منتقل کیا جاسکتا ہے۔
- واحد ملکیت والے کاروبار کی یک رکنی کمپنی میں تبدیلی سے معشیت کو دستاویزی شکل میں لانے میں مدد ملے گی۔

## یک رکنی کمپنی کی تشکیل/انکارپوریشن:

کوئی بھی فرد یا کارپوریٹ باڈی ایک رکنی کمپنی تشکیل کر سکتے ہیں۔ یک رکنی کمپنی کی تشکیل کے لئے بھی وہی ضوابط ہیں جو کہ ایک نجی کمپنی کی تشکیل کے

لئے ضروری ہیں۔ آرڈیننس کی متعلقہ دفعات اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد پر عمل کر کے کوئی بھی نجی کمپنی اپنی حیثیت ایک رکنی کمپنی کے طور پر بدل سکتی ہے۔

## یک رکنی کمپنی کی نجی کمپنی کی حیثیت کے طور پر تبدیلی:

یک رکنی کمپنی کو اس کے رکن کی تعداد ایک سے زیادہ کر کے نجی کمپنی میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ کمپنی اپنی حیثیت میں تبدیلی کے لئے ایک خصوصی قرارداد منظور کرے گی اور سات دن کے اندر اپنے شیئرز منتقل کرے گی اور تیس دن کے اندر اپنے آرٹیکل میں تبدیلی کرے گی۔ کمپنی خصوصی قرارداد منظور ہونے کے پندرہ دن کے اندر ایک یا زیادہ اضافی ڈائریکٹرز منتخب یا مقرر کرے گی اور کمپنیز (جنرل پروویژن اینڈ فارمز) قاعدہ ۱۹۸۵ کے تحت بنائے گئے فارم 29 پر چودہ دن کے اندر اس کے تقرر کے بارے میں مطلع کرے گی۔ مزید یہ کہ کمپنی خصوصی قرارداد کی منظوری کے ساٹھ دن کے اندر پر متعلقہ رجسٹرار کو جمع کروائے گی۔ S2 تحریری طور پر اس حقیقت کا نوٹس فارم

## نجی کمپنی کی یک رکنی کمپنی کی حیثیت کے طور پر تبدیلی:

ایک یا ایک سے زیادہ اراکین پر مشتمل ایک نجی کمپنی ایک خصوصی قرارداد منظور کر کے، اپنے آرٹیکلز میں تبدیلی کر کے اور کمیشن سے اجازت لینے کے بعد اپنی حیثیت کو یک رکنی کمپنی کے طور پر بدل سکتی ہے۔ اپنی حیثیت میں یک رکنی کمپنی کے طور پر تبدیلی کے لئے نجی کمپنی خصوصی قرارداد کی منظوری پر درخواست جمع کروائے گی۔ S4 کے لئے تیس دن کے اندر کمیشن کی اجازت کے لئے فارم
کمیشن کی اجازت ملنے پر پندرہ دن کے اندر کمپنی تمام شیئرز سنگل ممبر (اکیلے رکن) کو منتقل کر دے گی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز میں تبدیلی کو شیئرز منتقل موجود نوٹس کمیشن کی اجازت کی تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ متعلقہ رجسٹرار کے S5 کرنے کے چودہ دن کے اندر فارم 29 پر مطلع کیا جائے گا۔ فارم پاس پندرہ دن کے اندر جمع کروایا جائے گا۔

## ڈائریکٹرز اور اراکین کے اجلاس:

اگر کوئی معاملہ ایسا ہے جو کہ آرڈیننس یا اس کے تحت بنائے گئے قانون یا قواعد یا کمپنی کے آرٹیکلز کے مطابق اراکین یا ڈائریکٹرز نمٹائیں گے تو یک رکنی کمپنی کی صورت میں واحد ڈائریکٹر یہ معاملہ نمٹائے گا اور منٹس بک میں مناسب ریکارڈ رکھے گا۔

## کمپنی سیکرٹری:

یک رکنی کمپنی میں سیکرٹری کی تقرری لازمی ہے اور ایک اہمیت کی حامل ہے۔
سیکرٹری کے اہم فرائض میں سے چند ایک مندرجہ ذیل ہیں۔

سیکرٹری ڈائریکٹر کی ہر میٹنگ میں شرکت کرے گااور حقیقی اور منصفانہ نقطۂ نظر سے میٹنگ کے منٹس ریکارڈ کرے گا
واحد رکن/ڈائریکٹر کی وفات کی صورت میں واحد رکن کے قانونی ورثامیں شیئرز کی منتقلی تک سیکرٹری کمپنی کے معاملات نمٹائے گا۔
رجسٹرار کو واحد رکن کی موت/وفات کے بارے میں مطلع کرتے ہوئے قانونی ورثا کی تفصیلات فراہم کرے گااور کسی رو کارٹ کی صورت میں پر رجسٹرار کو واقعہ کی تفصیلات کی رپورٹ دے گا۔اطلاق شدہ قوانین کے مطابق انتظامیہ اور شیئرز کو قانونی S3 وفات کے سات دن کے اندر فارم ورثا کو منتقل کرتا ہے۔
یک رکنی کمپنی کی تشکیل یا کسی دوسری کمپنی کے ایک رکنی کمپنی بننے کے موقع پر یا کمپنی سیکرٹری کا عہدہ خالی ہونے کی صورت میں پندرہ دن کے اندر کمپنی سیکرٹری کی تقرری ضروری ہےاوراس تقرری کے چودہ دن کے اندر فارم 29 پر تقرری کے بارے میں مطلع کیاجائے گا۔

## یک رکنی کمپنی کانام اوراسے لکھنے کاطریقہ:

یک رکنی کمپنی کانام اس طریقے سے لکھاجائے گا۔
اے بی سی (ایس ایم سی پرائیویٹ) لمیٹڈ
یک رکنی کمپنی کی حثییت میں پرائیویٹ کمپنی کے طور پر تبدیلی کے وقت لفظ ایس ایم سی کمپنی کے نام سے حذف کر دیاجائے گااور رجسٹرار قواعد میں کے طریقہ کے مطابق سرٹیفیکیٹ (سند) جاری کرے گا۔جبکہ ایک پرائیویٹ کمپنی کی حثییت میں یک رکنی کمپنی کے طور پر تبدیلی کے S7 موجود فارم کے طریقہ کے مطابق سرٹیفکیٹ (سند) جاری S6 وقت لفظ (ایس ایم سی پرائیویٹ) کمپنی کے نام کا حصہ بنادیاجائے گااور رجسٹرار قواعد میں موجود کرے گا

وضاحت

یہ رہنمائی کتابچہ متعلقہ معاملات کے تصور کے بارے میں محض شعور پیدا کرنے کے ارادے کے ساتھ تیار کیا گیا ہے۔اگر قاری کو کوئی شک ہے وہ کسی مختلف/خاص کنڈیشن سے دوچار ہے تو آرڈیننس اور الائیڈ قانون سے حوالہ لینے کی سفارش کی جاتی ہے اور کسی مشیر سے پیشہ وارانہ مشورہ لیاجائے ۔کمیشن نہ کوئی ضمانت دیتا ہے اور نہ ہی معلومات میں کسی بھی غلطی یا بھول چوک کے لئے کوئی ذمہ داری لیتا ہے۔کوئی بھی فرد ان معلومات کو کسی دعوے ،مطالبے یا کارروائی کے لئے استعمال نہیں کر سکتا۔ابہام کی صورت میں انگریزی متن ملاحظہ فرمائیں جس کا لنک نیچے دیا گیا ہے۔

http://www.secp.gov.pk/SECGuideSeries/PDF/Guide_SingleMemberCompany_2015.pdf

کمپنیز رجسٹریشن آفسز کے پتے اور فون نمبر

کمپنی رجسٹریشن آفس اسلام آباد

اسٹیٹ لائف بلڈنگ، 7۔ بلیو ایریا، اسلام آباد

فون نمبر: 9208740-051 فیکس: 9208740-051

کمپنی رجسٹریشن آفس کراچی

فورتھ فلور، ایس ایل آئی سی بلڈنگ نمبر 2، ویلس روڈ، کراچی

فون: 99213272-021 فیکس: 99213272-021

کمپنی رجسٹریشن آفس لاہور

تھرڈ فورتھ فلور، ایسوسی ایٹڈ ہاؤس، -7 اجرٹن روڈ، لاہور

فون: 99204962-042 فیکس 99204962-042 :

کمپنی رجسٹریشن آفس ملتان

63۔اے، سیکنڈ فلور، نوائے وقت بلڈنگ، ابدالی روڈ، ملتان

فون: 9200920/9200530-061، فیکس: 9200920-061

کمپنی رجسٹریشن آفس فیصل آباد

سیکنڈ فلور، فیصل آباد چیمبر آف کامرس بلڈنگ، ایسٹ کینال روڈ نمبر 1، فیصل آباد

فون: 9220284-9230264,041-041، فیکس: 922015-041

کمپنی رجسٹریشن آفس پشاور

فرسٹ فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ، دی مال، پشاور کینٹ

فون: 9213178-091، فیکس: 9213686-091

کمپنی رجسٹریشن آفس کوئٹہ

3/382، آئی ڈی بی پی۔ ہاؤس، شاہراہِ حالی، کوئٹہ کینٹ

فون: 2844136-081، فیکس: 2899134-081

کمپنی رجسٹریشن آفس سکھر

-28ڈی، ہمدرد ہاؤسنگ سوسائٹی، ایئرپورٹ روڈ، سکھر

فون: 5630517-071، فیکس: 5633757-071